19-Jan-11

پریس ریلیز

صرف پچھلی سہ ماہی میں 38000 مریضوں کو مکمل مفت علاج وادویات فراہم کی گئیں۔ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل۔

کراچی۔(پ۔ر) ملک میں صحت عامہ کے حوالے سے ناکافی صورتحال کے تدارک میں فلاحی ادارے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔اس سلسلے میں عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ نے صرف گزشتہ سہ ماہی یعنی ماہ اکتوبر،نومبر اور دسمبر میں تقریباً 38000 سے زائد مریضوں کو مکمل مفت علاج وادویات فراہم کی ہیں۔ان مریضوں میں دل کے امراض،ہیپاٹائٹس بی اورسی سے متاثرہ مریض،ٹی بی،گائنی،سگ گزیدہ افراد اور مصنوعی اعضاء حاصل کرنے والے افراد شامل ہیں جنہیں علاج وادویات کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تشخیصی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں جبکہ ان مریضوں کے علاج پر 3 کروڑ 11 لاکھ روپے سے زائد اخراجات آئے ہیں جو عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ اپنے ڈونرز اور معطی حضرات کے تعاون سے پورا کر پایا ہے۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ ملک میں صحت عامہ کے حصول کیلئے بھرپور طور سے سرگرم ہے اور ایک مکمل صحت مند معاشرے کا قیام ادارہ کے منشور کا حصہ ہے۔

#